# اکثر پوچھے گئے سوالات (FAQs)

<u>ووٹر آئی ڈی کی عوامی آگاہی مہم</u>

**گریٹر لندن اتھارٹی کون ہے؟**

گریٹر لندن (جی ایل اے) (GLA)، جسے لندن سٹی ہال بھی کہا جاتا ہے، لندن کی علاقائی حکومت ہے، جس کا دائرہ اختیار گریٹر لندن اور لندن شہر پر ہے۔ GLA لندن کے میئر اور لندن اسمبلی پر مشتمل ہے۔

**شاؤٹ آؤٹ UK کون ہے؟**

شاؤٹ آؤٹ (SOUK) UK) ایک غیر جانبدار تخلیقی سماجی ادارہ ہے جس کا بنیادی مقصد نوجوانوں میں میڈیا اور سیاسی شعور کو اجاگر کرنا ہے۔ SOUK سال 2020 سے 2024 تک GLA (گریٹر لندن اتھارٹی) کے زیرِ انتظام لندن ووٹر رجسٹریشن ویک کے انعقاد کا شراکت دار رہا ہے۔ غیر جانبدار ووٹر آئی ڈی کی عوامی آگاہی مہم کے لیے، SOUK ہمہ وقت غیر جانبداری کو یقینی بنانے کے لیے سوشل میڈیا کے اثاثوں اور تجویز کردہ سوشل میڈیا کاپی، اور تعلیمی مواد کو لندن بھر کی کمیونٹیز اور پارٹنرز اور تعلیمی اداروں کے ساتھ تمام وسائل کو فروغ دے گی اور ان کا اشتراک کرے گی۔

**ووٹر آئی ڈی کی عوامی آگاہی مہم کیا ہے؟**

الیکشن ایکٹ (2022) اس میں تبدیلیاں لایا ہے کہ ہم ووٹ کیسے دیتے ہیں اور ووٹ کون دے سکتا ہے۔

اس لیے، جنوری 2023 سے، گریٹر لندن اتھارٹی، سِول سوسائٹی کی مختلف تنظیموں، تعلیمی اداروں اور لندن کے تمام بورو انتخابی خدمات کے اداروں نے مل کر ایک غیر جانبدار عوامی آگاہی مہم چلانے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس مہم کا مقصد لندن کے تمام اہل ووٹروں، خاص طور پر کم رجسٹرڈ اور کم نمائندگی والے پسِ منظر سے تعلق رکھنے والے لندن والوں کو ان نئی تبدیلیوں، بشمول ذیل، کے بارے میں آگاہ کرنا ہے:

- پارلیمانی/ عام انتخابات، مقامی/ بورو انتخابات، اور لندن کے میئر/ لندن اسمبلی کے انتخابات میں ووٹ دینے کے لیے لازمی طور پر تصویری شناخت کا متعارف ہونا۔
- یورپی یونین سے تعلق رکھنے والے کچھ لندن والوں کے ووٹنگ کے حقوق میں تبدیلیاں
- ڈاک اور پراکسی ووٹنگ کی درخواستوں میں تبدیلیاں

GLA کی زیر قیادت عوامی آگاہی کی مہم کو الیکٹورل کمیشن کے ساتھ مربوط کیا جاتا ہے اور اسے شاؤٹ آؤٹ SO (UK) کے ذریعے فراہم کیا جاتا ہے۔ لندن ووٹر رجسٹریشن ویک کے سالانہ ماڈل کی بنیاد پر، GLA اور SOUK نے معلومات اور تعلیمی مواد کو کم نمائندگی والی کمیونٹیز کے ساتھ مل کر ڈیزائن کیا ہے جو ان تبدیلیوں سے غیر متناسب طور پر متاثر ہوں گے۔ امواد اور سرگرمیوں کا اشتراک کیا جائے گا اور پارٹنرز کے ایک وسیع، پین لندن اتحاد کے تعاون سے آن لائن اور آف لائن ہو گا۔

اس سرگرمی کے ساتھ ساتھ، اور اس میں معاونت کے لیے GLA ڈیموکریٹک پارٹیسپیٹن گرانٹس پروگرام کے کامیاب امیدوار قابل اعتماد کمیونٹی کی ترتیبات میں سرگرمیوں کا انعقاد کریں گے۔ آپ GLA ڈیموکریسی ہب کے حوالے سےhttps://registertovote.london / پر مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں

**لندن ووٹر رجسٹریشن ویک (LVRW) کیا ہے؟**

یہ ایک سالانہ غیر جماعتی سیاسی، غیر جانبدارانہ، غیر انتخابی مخصوص منصوبہ ہے جسے گریٹر لندن اتھارٹی کی جانب سے ایک ڈیلیوری پارٹنر، لندن ووٹر رجسٹریشن اسٹریٹجک پارٹنرشپ اور حمایت کے ایک وسیع اتحاد کے ساتھ چلایا جاتا ہے، تا کہ لندن کے رہائشیوں کو مطلع اور ان کی حوصلہ افزائی کی جائے – خاص طور پر کم رجسٹرڈ اور کم نمائندگی والے لندن کے رہائشیوں کو – کہ وہ ووٹ دینے کے لیے اندراج کروائیں۔

**ہم یہ کیوں کر رہے ہیں / لندن کے رہائشیوں پر کیا اثر ہو گا؟**

الیکشنز ایکٹ (2022) کے ذریعے لائی جانے والی جمہوری حقوق میں تبدیلیاں پہلے سے کم رجسٹرڈ اور کم نمائندگی والے لندن کے رہائشیوں کے لیے نمایاں رکاوٹیں کھڑی کرتی ہیں، جن میں سے بہت سے کووڈ کی وباء اور گزربسر کی لاگت کے بحران سے غیر متناسب طور پر متاثر ہوئے ہیں۔

لندن پہلے ہی برطانیہ کے تمام خطوں اور اقوام میں ووٹر رجسٹریشن کے لحاظ سے سب سے کم شرح رکھنے والوں میں سے ہے۔
https://data.london.gov.uk/dataset/survey-of-londoners-2021-22 پر مزید جانیں

جوزف رونٹری فاؤنڈیشن (فروری 2022)، ٹرسٹ فار لندن اور دی تھری ملین ("London Voices: The Journey to Full Participation"، دسمبر 2021) کی طرف سے حاصل ہونے والے شواہد اور GLA پولنگ (اگست 2022 سے جنوری 2024 کے درمیان) ان آبادیوں اور کمیونٹیز کی نشاندہی کرتی ہیں جن کے پاس ووٹ دینے کے لیے قبول شدہ تصویر والی شناخت ہونے کا امکان کم ہے۔ یہ ہیں:

- نوجوان لندن والے (18-25 سال کی عمر کے حامل)
- سیاہ فام، ایشیائی، اقلیتی نسب اور مہاجر لندن کے رہائشی، بشمول یورپی یونین کے لندن کے رہائشی
- D/بہرے اور معذور لندن کے رہائشی
- لندن کے بوڑھے رہائشی
- LGBTQIA+ لندن والے، خصوصاً ٹرانس (خواجہ سرا) اور )غیر بائنری( غیر روایتی جنسی شناخ کے حامل لندن والے
- کم آمدن والے لندن کے رہائشی
- سماجی اور نجی کرائے پر رہنے والے لندن کے رہائشی، اور غیر محفوظ رہائش گاہوں، بشمول بے گھر لندن کے رہائشی

**مجھے ووٹ کے لیے تصویری آئی ڈی متعارف کرانے کے متعلق فکر ہے، میں کس سے بات کر سکتا/سکتی ہوں؟**

GLA نے ووٹ ڈالنے کے لیے تصویری آئی ڈی متعارف نہیں کروائی اور اس کے پاس صرف آگاہی پیدا کرنے اور مساوات کے مضمرات کو دور کرنے کی کوشش کرنے کے اختیارات ہیں۔

اگر آپ کوئی سول سوسائٹی تنظیم ہیں اور آپ آگاہی پھیلانے اور ہمارے کو وسائل تقسیم کرنے میں ہماری مدد کرنا چاہتے ہیں تاکہ ہم لندن کے زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچ سکیں، تو براہ کرم GLA democracy@london.gov.uk کے ذریعے ڈیموکریٹک پارٹیسپیٹن ٹیم سے رابطہ کریں۔

اگر آپ ووٹ کے لیے تصویری آئی ڈی متعارف کروانے کے بارے میں تشویش کا شکار ہیں، تو آپ
correspondence@levellingup.gov.uk پر ای میل کر سکتے/سکتی ہیں یا Department for Levelling Up, Housing and Communities, 2 Marsham Street, London, SW1P 4DF کو تحریری طور پر بتا سکتے/سکتی ہیں

**روبرو ووٹ دینے کے لیے فوٹو گرافک شناخت ظاہر کرنے کا تقاضا**

**روبرو ووٹ ڈالنے کے لیے فوٹو گرافک شناخت (تصویری شناخت) کی کون سی صورتیں قبول کی جائیں گی؟**

ووٹ کے لیے قابل قبول تصویری آئی ڈی ہر آئی ڈی نہیں ہو سکتی۔ لندن کے رہائشیوں کو ووٹ دینے کے قابل ہونے کے لیے ضروری شناخت کے ثبوت کے طور پر قانون میں تسلیم شدہ تصویری آئی ڈیز کی ان میں سے **ایک** قابل قبول صورت رکھنے اور پیش کرنے کی ضرورت ہو گی:

- برطانیہ کا پاسپورٹ
- یورپی اکنامک ایریا (EEA) کی ریاست یا دولت مشترکہ کے ملک کی طرف سے جاری کردہ پاسپورٹ
- EEA ریاست کی طرف سے جاری کردہ قومی شناختی کارڈ
- برطانیہ کا ڈرائیونگ لائسنس (تصویر کے ساتھ، کاغذی لائسنس قبول نہیں کیے جائیں گے)
- چینل آئی لینڈز، آئل آف مین یا کسی EEA ریاست کی طرف سے جاری کردہ ڈرائیونگ لائسنس
- بائیو میٹرک امیگریشن دستاویز
- ایک شناختی کارڈ جس پر عمر کے معیارات کی اسکیم ہولوگرام کا ثبوت ہو (ایک PASS کارڈ)
- وزارت دفاع کا فارم 90 (دفاعی شناختی کارڈ)
- بوڑھے افراد کا بس پاس، معذور افراد کا بس پاس، اوئسٹر 60+ کارڈ، فریڈم پاس
- ایک بلیو بیج
- ایک مفت ووٹر اتھارٹی سرٹیفکیٹ۔

براہ کرم نوٹ فرمائیں کہ آپ کو پولنگ اسٹیشن پر اپنے ساتھ تصویری آئی ڈی کی **اصل** صورت لے جانے کی ضرورت ہے۔ آپ کے فون پر موجود دستاویزات اور تصاویر کی نقول قبول نہیں کی جائیں گی۔

لوگ میعاد ختم ہونے والی تصویری آئی ڈی استعمال کر سکیں گے اگر وہ اب بھی تصویر سے پہچانے جا سکتے/سکتی ہیں۔ الیکٹورل کمیشن کی ویب سائٹ

پر تمام قابل قبول قسم کی تصویری آئی ڈی کے بارے میں مزید معلومات
https://www.electoralcommission.org.uk/voting-and-elections/voter-id پر موجود ہیں۔

اگر وہ اس فہرست میں نہیں ہیں، تو فریقین ثالث کی جانب سے جاری کردہ دیگر تصویری آئی ڈیز کو شناخت کے ثبوت کے طور پر ووٹ ڈالنے کے لیے قابل قبول **نہیں** سمجھا جائے گا۔

### ووٹ ڈالنے کے لیے قابل قبول تصویری آئی ڈی حاصل کرنے کے لیے مجھے مزید معلومات اور تعاون کہاں سے مل سکتے ہیں؟

الیکٹورل کمیشن نے قومی رہنما ہدایات https://www.electoralcommission.org.uk/voting-and-elections/voter-id پر شائع کی ہیں

آپ غیرجانبدار GLA ووٹر ID مہم کے وسائل اور GLA ڈیموکریسی ہب میں شامل ہونے کے طریقے کے بارے میں مزید معلومات https://registertovote.london پر حاصل کر سکتے/سکتی ہیں

آپ اپنے لائسنس کی درخواست، تجدید یا اپ ڈیٹ کر سکتے/سکتی ہیں، اپنا ڈرائیونگ لائسنس https://www.gov.uk/browse/driving/driving-licences پر دیکھیں یا شیئر کریں

آپ https://www.gov.uk/apply-renew-passport پر برطانوی پاسپورٹ کے لیے آن لائن درخواست دے سکتے ہیں۔ آپ اپنے مقامی ڈاک خانے سے پاسپورٹ کا درخواست فارم حاصل کر سکتے ہیں https://www.postoffice.co.uk/branch-finder) پر اپنی شاخِ برانچ کریں) اور ڈاک کے ذریعے درخواست دے سکتے ہیں، یا ڈاک خانے کی چیک اور سینڈ سروس استعمال کر سکتے ہیں (مزید معلومات https://www.gov.uk/how-the-post-office-check-and-send-service-works پر دستیاب ہیں)۔

آپ 60+ لندن اویسٹر فوٹو کارڈ کے بارے میں مزید ذیل پر جان سکتے/سکتی ہیں
https://tfl.gov.uk/fares/free-and-discounted-travel/60-plus-oyster-photocard

آپ بلیو بیج کے لیے درخواست یا اس کی تجدید https://www.gov.uk/apply-blue-badge پر کر سکتے/سکتی ہیں۔ بلیو بیج اسکیم کے متعلق سوالات کے لیے اپنی مقامی کونسل سے پر رابطہ کریں
https://www.gov.uk/blue-badge-scheme-information-council -

آپ کی مقامی سٹیزنز ایڈوائس آپ کی مدد کر سکتی ہے۔ https://www.citizensadvice.org.uk/ پر اپنی مقامی برانچ تلاش کریں۔

آپ https://www.gov.uk/apply-for-photo-id-voter-authority-certificate پر مفت ووٹر اتھارٹی سرٹیفکیٹ کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

### روبرو ووٹ ڈالنے کے لیے تصویری آئی ڈی دکھانے کی ضرورت کب شروع ہو گی؟

ذاتی طور پر ووٹ ڈالنے کے لیے تصویری شناخت کی شرط مئی 2023 سے انگلینڈ کے مقامی انتخابات میں قابلِ اطلاق ہو چکی ہے۔ پہلی بار اس کا اطلاق 2 مئی 2024 کو لندن کے میئر اور لندن اسمبلی کے انتخابات کے سلسلے میں لندن بھر کے انتخابات میں کیا گیا تھا۔ برطانیہ کے پارلیمانی/عام انتخابات کے لیے شرط 5 اکتوبر 2023 کے بعد ہونے والے انتخابات کے لیے، اور مئی 2023 کے بعد کسی بھی انفرادی پارلیمانی ضمنی انتخابات کے لیے نافذ ہوئی تھی۔

### آئی ڈی کی دیگر صورتیں کیوں قبول نہیں کی جاتیں؟

قانون دستاویزات کی ان اقسام کی وضاحت کرتا ہے جو تصویری ID کی قابل قبول صورتیں ہیں۔ ان کا فیصلہ برطانوی حکومت نے کیا ہے۔

برطانوی حکومت نے اس بارے میں مزید معلومات فراہم کی ہیں کہ کون سی تصویری آئی ڈی کی صورتوں کو قبول کیا جاتا ہے اور کن کو نہیں، نیز ملحوظ خاطر رکھا جانے والا معیار۔ آپ اسے پر تلاش کر سکتے/سکتی ہیں

https://www.gov.uk/government/publications/voter-identification-at-polling-stations-and-the-new-voter-card/protecting-the-integrity-of-our-elections-voter-identification-at-polling-stations-and-the-new-voter-card

**اگر میں کسی پولنگ اسٹیشن پر بغیر کسی قابل قبول تصویری آئی ڈی کے جاؤں تو کیا ہو گا؟**

اگر آپ کسی بغیر کسی قابل قبول تصویری آئی ڈی کے ووٹ ڈالنے کے لیے پولنگ اسٹیشن جاتے ہیں، تو آپ کو بیلٹ پیپر جاری نہیں کیا جائے گا اور آپ کو تصویری آئی ڈی کی قابل قبول صورت کے ساتھ واپس آنا ہو گا۔

اگر آپ واپسی پر ایک اصل قابل قبول تصویری آئی ڈی پیش کرتے ہیں، تو آپ کو ووٹ دینے کے قابل ہوں گے۔

**اگر میں ووٹ ڈالنے کے لیے تصویری آئی ڈی نہیں دکھانا چاہتا تو کیا ہو گا؟**

اگر آپ پولنگ اسٹیشن پر تصویری آئی ڈی نہ دکھانے کو ترجیح دیں گے، تو آپ بذریعہ ڈاک یا پراکسی ووٹ کے لیے درخواست دے سکتے/سکتی ہیں۔ بذریعہ ڈاک درخواست دینے یا ووٹ ڈالنے کے لیے تصویری آئی ڈی کی ضرورت نہیں ہے۔ جب آپ پراکسی ووٹ کے لیے درخواست دیتے ہیں تو اس کی ضرورت نہیں ہے، لیکن آپ کی پراکسی کو پولنگ اسٹیشن پر اپنی قابل قبول تصویری آئی ڈی ظاہر کرنے کی ضرورت ہو گی، جب وہ آپ کی جانب سے ووٹ دیں گے۔

**میری تصویری آئی ڈی پر کیا تفصیلات چیک کی جائیں گی؟**

پولنگ سٹیشن پر تصویری آئی ڈی کی جانچ اس بات کی تصدیق کرے گی کہ آپ کی تصویری آئی ڈی پر موجود نام وہی ہے جو انتخابی رجسٹر پر نام ہے۔ عملہ آپ کی شناخت پر صنفی نشان، پتہ یا قومیت کی جانچ نہیں کرے گا۔

**انتخابی رجسٹر پر موجود نام میری تصویری آئی ڈی پر موجود نام سے مماثل نہیں ہے، میں کیا کر سکتا/سکتی ہوں؟**

اگر آپ کا نام انتخابی رجسٹر پر آپ کی تصویری شناخت سے مختلف ہے، تو آپ یہ کر سکتے/سکتی ہیں:

- نام کی تبدیلی کے ثبوت کے طور پر اپنے ساتھ ایک سرکاری دستاویز لائیں، مثال کے طور پر نکاح نامہ (نیز آپ کی تصویری شناخت)
- آپ اس نام اور ایک حالیہ تصویر کا استعمال کرتے ہوئے مفت ووٹر اتھارٹی سرٹیفکیٹ کے لیے درخواست دے سکتے/سکتی ہیں https://www.gov.uk/apply-for-photo-id-voter-authority-certificate
- یا آپ انتخابی رجسٹر پر اپنا نام تبدیل کرنے کے لیے اپنی مقامی الیکٹورل سروسز کی ٹیم سے رابطہ کر سکتے/سکتی ہیں https://www.electoralcommission.org.uk/i-am-a/voter/your-election-information

**کیا میں نجی طور پر اپنی تصویری آئی ڈی چیک کروا سکتا/سکتی ہوں؟ کیا مجھے وجہ بتانی پڑے گی کہ کیوں؟**

جی ہاں، ہاں اس مقصد کے لیے پولنگ اسٹیشن میں نجی حصہ دستیاب ہو گا۔ آپ اپنی تصویر کی شناخت نجی طور پر چیک کرنے کے لیے کہہ سکتے/سکتی ہیں۔ ایسی درخواستوں کا نظم احتیاط اور شائستگی سے کیا جانا چاہیے۔

نہیں، آپ کو اس درخواست کی وجہ بتانے کی ضرورت نہیں ہے، اور آپ سے اس کی وجہ بتانے کے لیے نہیں کہا جانا چاہیے۔

**میں ووٹ ڈالنے کے لیے جنس کے نشان والی تصویری آئی ڈی کے استعمال سے پریشان ہوں، میں کیا کر سکتا/سکتی ہوں؟**

آپ کی تصویری آئی ڈی پر وہی نام ہونا چاہیے جو آپ ووٹ ڈالنے کے لیے رجسٹر کیا تھا۔ آپ کو ایسی تصویری آئی ڈی دکھانے کی ضرورت نہیں ہے جس میں جنس کی علامت شامل ہو۔

اگر آپ کے پاس تصویری شناخت نہیں ہے، تصویری شناخت کے موجودہ فارم کو استعمال کرنے کے حوالے فکر مند ہیں جس میں صنف کا مارکر ہے، یا آپ کو لگتا ہے کہ کیا اب آپ اپنی ID پر موجود تصویر کی طرح نظر نہیں آتے، تو آپ https://www.gov.uk/apply-for-photo-id-voter-authority-certificate پر مفت ووٹر اتھارٹی سرٹیفکیٹ کے لیے درخواست دے سکتے ہیں. ووٹر اتھارٹی سرٹیفکیٹ میں صنف کی علامت نہیں ہوتی۔

**اگر پولنگ کے دن سے پہلے میری تصویری آئی ڈی گم ہو جائے، چوری ہو جائے، ختم یا خراب ہو جائے تو میں کیا کر سکتا/سکتی ہوں؟**

اگر آپ کی تصویری آئی ڈی گم ہو گئی، چوری ہو گئی، ختم یا خراب ہو گئی ہے، اور ووٹر اتھارٹی سرٹیفکیٹ کے لیے درخواست دینے کی آخری تاریخ گزر چکی ہے، تو آپ ہنگامی پراکسی ووٹ کے لیے درخواست دے سکتے/سکتی ہیں

https://www.electoralcommission.org.uk/voting-and-elections/ways-vote/apply-vote-proxy

اس کا اطلاق صرف عام پراکسی ووٹ کی آخری تاریخ کے بعد پیش آنے والے ہنگامی حالات کی صورت میں ہوتا ہے۔ یہ فارم آپ کے گمنام الیکٹر کی دستاویز کے گم، چوری، تلف یا خراب ہونے کی صورت میں بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔ یہ درخواستیں پولنگ کے دن شام 5 بجے تک جمع کروائی جا سکتی ہیں۔

## مفت ووٹر اتھارٹی سرٹیفکیٹ

### میں مفت ووٹر اتھارٹی سرٹیفکیٹ کے لیے درخواست کیسے دے سکتا/سکتی ہوں؟

اگر آپ کے پاس ووٹ دینے کے لیے تصویری آئی ڈی قابل قبول صورتوں میں سے نہیں ہے، تو آپ مفت ووٹر اتھارٹی سرٹیفکیٹ کے لیے درخواست دے سکتے/سکتی ہیں۔اسے صرف ووٹنگ کے مقاصد کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے، نہ کہ شناختی دستاویز کی شکل کے طور پر، اور یہ 10 سال کے لیے کارآمد ہے۔ درخواست کے حصے کے طور پر آپ کو ایک تصویر، اپنی تاریخ پیدائش اور نیشنل انشورنس نمبر فراہم کرنے کی ضرورت ہو گی۔ اگر آپ کو اپنا نیشنل انشورنس نمبر معلوم نہیں ہے، یا آپ کے پاس نہیں ہے، تب بھی درخواست دے سکتے/سکتی ہیں۔ آپ کی کونسل آپ کی شناخت کے متبادل ثبوت کی درخواست کرنے کے لیے آپ سے رابطہ کرے گی۔

آپ آن لائن https://www.gov.uk/apply-for-photo-id-voter-authority-certificate پر درخواست دے سکتے/سکتی ہیں

یا آپ کاغذی درخواست فارم پُر کر سکتے/سکتی ہیں جو https://assets.publishing.service.gov.uk/government/uploads/system/uploads/attachment_data/file/1137587/VAC_public_facing.pdf پر دستیاب ہے اور اسے اپنی مقامی کونسل کو بھیج سکتے/سکتی ہیں۔ آپ ہدایات کی بڑے نقوش، بریل یا آسان پڑھنے کی صورت میں درخواست کر سکتے/سکتی ہیں۔

اپنی مقامی الیکٹورل سروسز کی ٹیم سے رابطہ کرنے کے لیے، اپنا پوسٹ کوڈ یہاں درج کریں - https://www.electoralcommission.org.uk/i-am-a/voter/your-election-information

### مفت ووٹر اتھارٹی سرٹیفکیٹ پر کیا معلومات شامل ہوتی ہیں؟

مفت ووٹر اتھارٹی سرٹیفکیٹ آپ کا پورا نام اور تصویر، جاری کرنے والی مقامی کونسل، ایک مناسب شناخت کنندہ (حوالہ بشمول کونسل کی طرف سے مختص کردہ نمبرز اور حروف)، جاری کرنے کی تاریخ اور تجدید کی تجویز کردہ تاریخ دکھائے گا۔

### ووٹر اتھارٹی سرٹیفکیٹ کی درخواست کے لیے تصویر کے کیا تقاضے ہیں؟

ووٹر اتھارٹی سرٹیفکیٹ کے لیے درخواست کے عمل کے حصے کے طور پر، آپ کو ایک حالیہ تصویر فراہم کرنے کی ضرورت ہو گی۔ تصویر کے تقاضے پاسپورٹ کی تصاویر کے تقاضوں سے ملتے جلتے ہیں اور آپ کے سر اور کندھوں کو ظاہر کرنا چاہیے جس میں آپ کے سر کو کوئی چیز ڈھکے ہوئے نہ ہو – بشرطیکہ مذہبی یا طبی وجوہات کی بنا پر سر کو ڈھانپنا ہو۔ آپ کا چہرہ کسی وجہ کے تحت بھی ڈھکا ہوا نہ ہو۔

تصویری انداز

درخواست گزار کی تصویر اس طرح ہونی چاہیے:

- سامنے کی طرف اور سیدھا کیمرے کی طرف دیکھنا
- ان کے سر اور کندھوں کا قریبی حصہ، بغیر سر ڈھکے، بشرطیکہ وہ مذہبی عقائد یا طبی وجوہات کی بنا پر پہنیں۔ چہرے کو کسی بھی وجہ سے نہیں ڈھانپنا چاہیے
- کوئی دوسرا فرد نظر نہ آئے
- چہرے کے سادہ تاثرات کے ساتھ اور کھلی آنکھوں سے اور واضح نظر آئے، مثال کے طور پر، دھوپ کے چشمے کے بغیر اور بالوں سے دھندلی نہ ہو۔

براہ کرم نوٹ فرمائیں کہ یہ تب لاگو نہیں ہوتا جب درخواست گزار ایسی تصویر فراہم کرنے سے قاصر ہے جو کسی معذوری کی وجہ سے ان میں سے کسی ایک یا دونوں تقاضوں کو پورا کرتی ہو۔

تصویر کا معیار

درخواست گزار کی تصویر ضروری ہے کہ:

- درست طور پر مماثل ہو
- رنگین ہو
- سادہ سفید پس منظر پر لی جائے
- شارپ فوکس میں اور واضح ہو
- 'ریڈ آئی' کے عکس سے پاک ہو جو چہرے یا منعکس ہونے کو دھندلاتی ہے
- خراب نہ ہو

تصویر کا سائز

جہاں درخواست دہندہ آن لائن درخواست دیتا ہے، اس کی فراہم کردہ تصویر ایسی ہونی چاہیے:

- کم از کم اونچائی 750 پکزلز اور چوڑائی 600 پکزلز ہو
- ایک الیکٹرانک فائل میں ہے جس کا سائز 20MB سے زیادہ نہیں ہے

جہاں درخواست گزار کاغذی فارم کا استعمال کرتے ہوئے درخواست دیتا ہے، تصویر ایسی ہونی چاہیے:

- کم از کم 45 ملی میٹر اونچائی اور 35 ملی میٹر چوڑائی
- اونچائی میں 297 ملی میٹر یا چوڑائی 210 ملی میٹر سے زیادہ نہیں

**میں مفت ووٹر اتھارٹی سرٹیفکیٹ کی درخواست کے ساتھ مدد کہاں سے حاصل کر سکتا/سکتی ہوں؟**

اگر آپ کو مفت ووٹر اتھارٹی سرٹیفکیٹ کے لیے درخواست دینے، اپنی درخواست کے لیے تصویر لینے یا کاغذی درخواست فارم کی درخواست کرنے کے لیے کسی مدد کی ضرورت ہو، تو آپ اپنی بورو کونسل میں الیکٹورل سروسز کی ٹیم سے رابطہ کر سکتے/سکتی ہیں۔

آپ ذیل پر اپنا پوسٹ کوڈ درج کر کے ان کی رابطہ تفصیلات تلاش کر سکتے/سکتی ہیں
https://www.electoralcommission.org.uk/i-am-a/voter/your-election-information

آپ ذیل پر مزید معلومات ملاحظہ کر سکتے/سکتی ہیں
https://www.electoralcommission.org.uk/voting-and-elections/voter-id/applying-a-voter-authority-certificate

**مفت ووٹر اتھارٹی سرٹیفکیٹ کی درخواست دینے کی کوئی اختتامی تاریخ ہے؟**

جی ہاں، آپ ووٹر اتھارٹی کے سرٹیفکیٹ یا گمنام انتخابی دستاویز کے لیے کسی بھی وقت درخواست دے سکتے ہیں، لیکن کسی خاص انتخاب کے لیے درخواستوں کی آخری تاریخ، پولنگ کے دن سے پہلے 6 کاروباری ایام میں شام 5 بجے تک ہے۔

مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے، بشمول آپ کی درخواست کا تعین کیسے کیا جائے گا، الیکٹورل رجسٹریشن آفیسرز کو جاری کردہ انتخابی کمیشن کی رہنمائی کو دیکھیں:
https://www.electoralcommission.org.uk/running-electoral-registration-england/voter-authority-certificates-and-anonymous-electors-documents/deadlines-applications-voter-authority-certificates-or-anonymous-electors-documents-a-particularular

**کیا میں دیگر چیزوں کے لیے ووٹر اتھارٹی سرٹیفکیٹ کو بطور تصویری آئی ڈی استعمال کر سکتا/سکتی ہوں؟**

نہیں، ووٹر اتھارٹی کا سرٹیفکیٹ صرف ووٹنگ کے مقاصد کے لیے ہے اور کسی اور وجہ سے شناخت کے ثبوت کے طور پر استعمال نہیں کیا جا سکتا۔ اسے عمر کے ثبوت یا پتے کی دستاویز کے ثبوت کے طور پر قبول نہیں کیا جائے گا۔

**ووٹ دینے کے لیے رجسٹر ہونا**

**کیا مجھے ووٹ ڈالنے کے لیے تصویری آئی ڈی دکھانے کے ساتھ ساتھ ووٹ ڈالنے کے لیے اب بھی رجسٹر ہونا ہو گا؟**

ہاں، ووٹ کے لیے رجسٹر ہونا آپ کے جمہوری حقوق کے استعمال کا پہلا قدم ہے۔ آپ کو انتخابات کے دن سے کافی پہلے ووٹ دینے کے لیے رجسٹر ہونے کی ضرورت ہو گی، اس لیے پہلے سے تیاری کو یقینی بنائیں!

**ووٹ دینے کے لیے کیسے رجسٹر ہوں؟**

ووٹ دینے کے لیے رجسٹر ہونے کے لیے، آپ www.gov.uk/register-to-vote پر جا کے آن لائن فارم پُر کر سکتے/سکتی ہیں۔ اس میں صرف چند منٹ لگتے ہیں۔ آپ کو بس اپنا قومی انشورنس (NI) نمبر درکار ہوتا ہے۔ آپ کا NI نمبر رجسٹریشن کے عمل میں ایک منفرد شناخت کار کے طور پر استعمال ہوتا ہے، یہ تصدیق کرنے کا سب سے آسان اور تیز ترین طریقہ ہے کہ آپ کون ہیں۔ لیکن پریشان نہ ہوں اگر آپ کو NI نمبر معلوم نہیں ہے یا آپ کے پاس نہیں ہے - آن لائن رجسٹریشن کے عمل کے دوران صرف اپنی رابطہ تفصیلات دیں، اور آپ کی مقامی کونسل کی الیکٹورل سروسز آپ سے رابطہ کریں گی۔

**کیا مجھے ووٹ دینے کے مقصد سے رجسٹر ہونے کے لیے اپنی شناخت کا ثبوت فراہم کرنے کی ضرورت ہے؟**

ووٹ ڈالنے کے مقصد سے رجسٹر کروانے کے لیے تمام نئی درخواستیں مرکزی حکومت کے ریکارڈ سے مماثل ڈیٹا ہیں۔ جہاں کوئی مماثلت نہیں مل پاتی، آپ کو 'شناخت کے ثبوت' کی درخواست بھیجی جائے گی۔ آپ کو جلد از جلد جواب دینا ہو گا، ورنہ آپ کی درخواست مسترد ہو سکتی ہے۔

شناخت کا ثبوت آپ کے برو انتخابی خدمات کو آن لائن یا پرنٹ کی صورت میں فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ آپ ذیل میں دیئے گئے طریقوں سے بھی فراہم کر سکتے ہیں:

- ایک "بنیادی شناختی دستاویز"، یا
- ایک "قابل اعتماد سرکاری دستاویز" اور دو "مالیاتی/سماجی تاریخ کی دستاویزات"، یا
- چار "مالیاتی/سماجی تاریخ کے دستاویزات"

| بنیادی شناختی دستاویز | |
|---|---|
| **دستاویز** | **نوٹ** |
| پاسورڈ | کوئی بھی موجودہ پاسپورٹ |
| رہائش کا بائیومیٹرک اجازت نامہ | صرف UK کا جاری کردہ |
| EEA شناختی کارڈ | ابھی تک کارآمد ہونا چاہیے |
| موجودہ ڈرائیونگ لائسنس کا تصویری کارڈ والا حصہ | UK/آئل آف مین/چینل آئی لینڈز (مکمل یا عارضی) |
| شمالی آئرلینڈ کا انتخابی شناختی کارڈ | |

| قابلِ اعتماد سرکاری دستاویزات | |
|---|---|
| **دستاویز** | **نوٹ** |
| موجودہ ڈرائیونگ لائسنس کا پُرانا کاغذی ورژن | صرف UK کا |
| موجودہ تصویری ڈرائیونگ لائسنس | UK اور اُس کی کے علاوہ کوئی بھی - کریاون ڈیپینڈنسیز |
| پیدائش کا سرٹیفکیٹ | صرف UK اور اُس کی کریاون ڈیپینڈنسیز |
| شادی یا سِول شراکت کا سرٹیفکیٹ | صرف UK اور اُس کیکریاون ڈیپینڈنسیز |
| گود لینے کا سرٹیفکیٹ | صرف UK اور اُس کی کریاون ڈیپینڈنسیز |
| اسلحے کا لائسنس | صرف UK اور اُس کی کریاون ڈیپینڈنسیز |
| پولیس بیل شیٹ | صرف UK اور اُس کی کریاون ڈیپینڈنسیز |

| مالیاتی اور سماجی تاریخ کی دستاویزات | | |
|---|---|---|
| **تاریخ اور موزونیت** | **دستاویز** | **نوٹ** |
| رہن کی سٹیٹمنٹ | UK، اُس کی کریاون ڈیپینڈنسیز ، یا یورپی اقتصادی علاقہ | گزشتہ 12 ماہ میں جاری کردہ |
| بینک کا بلڈنگ سوسائیٹی کی سٹیٹمنٹ | UK، اُس کی کریاون ڈیپینڈنسیز ، یا یورپی اقتصادی علاقہ | گزشتہ 3 ماہ میں جاری کردہ |

| مالیاتی اور سماجی تاریخ کی دستاویزات | | |
|---|---|---|
| تاریخ اور موزونیت | دستاویز | نوٹ |
| بینک یا بلڈنگ سوسائٹی کا اکاؤنٹ کھُلنے کا تصدیقی خط | UK اور اُس کی کریاون ڈیپینڈنسیز | گزشتہ 3 ماہ میں جاری کردہ |
| کریڈٹ کارڈ کی سٹیٹمنٹ | UK، اُس کی کریاون ڈیپینڈنسیز ، یورپی اقتصادی علاقہ | گزشتہ 3 ماہ میں جاری کردہ |
| مالیاتی سٹیٹمنٹ (مثلاً پنشن یا عطیہ) | UK، اُس کی کریاون ڈیپینڈنسیز ، یورپی اقتصادی علاقہ | گزشتہ 12 ماہ میں جاری کردہ |
| کونسل ٹیکس کی سٹیٹمنٹ | UK اور اُس کی کریاون ڈیپینڈنسیز | گزشتہ 12 ماہ میں جاری کردہ |
| یوٹیلیٹی بِل (موبائل فون بِل کے علاوہ) | UK اور اُس کی کریاون ڈیپینڈنسیز | گزشتہ 3 ماہ میں جاری کردہ |
| P45 یا P60 کی سٹیٹمنٹ | UK، اُس کی کریاون ڈیپینڈنسیز ، یورپی اقتصادی علاقہ | گزشتہ 12 ماہ میں جاری کردہ |
| سہولیات کی سٹیٹمنٹ (مثلاً بچوں کی لیے سہولیات، پنشن) | UK، اُس کی کریاون ڈیپینڈنسیز ، یورپی اقتصادی علاقہ | گزشتہ 3 ماہ میں جاری کردہ |
| مرکزی یا مقامی حکومت، سرکاری ادارہ، یا مقامی سرکاری ادارہ جو حقوق فراہم کرتا ہے (مثلاً DWP، جاب سینٹر پلس، HMRC سے) | UK، اُس کی کریاون ڈیپینڈنسیز ، یورپی اقتصادی علاقہ | گزشتہ 3 ماہ میں جاری کردہ |

**میرے پاس قومی انشورنس نمبر نہیں ہے۔ کیا اب بھی میں ووٹ ڈالنے کے لیے رجسٹر ہو سکتا/سکتی ہوں؟**

جی ہاں، آپ اب بھی آن لائن ووٹر رجسٹریشن پورٹل کے ذریعے درخواست دے سکتے/سکتی ہیں، لیکن آپ کو اپنے رابطے کی تفصیلات دینی ہوں گی۔ اس کے بعد آپ کی کونسل کی الیکٹورل سروسز اس عمل کو مکمل کرنے کے لیے متبادل ذرائع سے آپ کی شناخت کی تصدیق کے لیے رابطہ کریں گی۔ مثال کے طور پر، آپ سے پیدائش کا سرٹیفکیٹ، یوٹیلیٹی بلز یا بینک اسٹیٹمنٹس کے لیے کہا جا سکتا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ اب بھی ووٹ دینے کے لیے رجسٹر ہو سکتے/سکتی ہیں، خواہ آپ کے پاس اپنا قومی انشورنس نمبر دستیاب نہ ہو۔

**لندن میں کون رجسٹر ہو سکتا ہے اور ووٹ دے سکتا ہے؟**

اگر آپ لندن کے رہائشی ہیں (عموماً رہتے ہیں) اور آپ کی عمر 16 سال یا اس سے زیادہ ہے تو آپ ووٹ دینے کے لیے رجسٹر کر سکتے ہیں (لیکن آپ اس وقت تک ووٹ نہیں دے سکیں گے جب تک کہ آپ کی عمر 18 سال کے نہ ہو جائے)۔

موجودہ طور پر، برطانوی، آئرش، کامن ویلتھ کی اہلیت رکھنے والے، یورپی یونین کے اہلیت رکھنے والے شہری اور لندن میں مقیم یورپی یونین کے ووٹنگ کے حقوق کے حامل شہری رجسٹر کروا سکتے ہیں اور ووٹ دے سکتے ہیں۔

برطانوی نیشنلٹی ایکٹ میں ترمیم کرنے والے اور 15 دسمبر 2023 کو نافذ ہونے والے برٹش نیشنلٹی (ایسواتینی، گیبون اور ٹوگو) آرڈر 2023 کے مطابق ٹوگو اور گیبون کے شہری اب کامن ویلتھ کے اہل شہری کے طور پر ووٹ دینے کے لیے اندراج کروا سکتے ہیں۔

بیرون ملک مقیم برطانوی شہری جو پہلے لندن میں رہ چکے ہیں یا ووٹ ڈالنے کے لیے رجسٹرڈ ہیں وہ گزشتہ پتہ، جس پر وہ لندن میں مقم تھے، استعمال کرتے ہوئے برطانیہ کی پارلیمنٹ کے انتخابات میں اندراج کروانے اور ووٹ ڈالنے کے اہل ہیں۔

آپ اپنی اہلیت https://www.electoralcommission.org.uk/i-am-a/voter/which-elections-can-i-vote پر چیک کر سکتے / سکتی ہیں

**میں کن انتخابات میں ووٹ دے سکتا/سکتی ہوں؟**

اگر آپ برطانوی، آئرش یا اہل کامن ویلتھ کے ایسے شہری ہیں جن کی عمر 18 سال سے زیادہ ہے اور آپ لندن میں مقیم ہیں، تو آپ برطانیہ کے عام/ پارلیمانی انتخابات اور ریفرنڈم، لندن کے مقامی/ بورو کونسل کے انتخابات اور لندن کے میئر/لندن اسمبلی کے انتخابات سمیت تمام انتخابات میں ووٹ ڈال سکتے ہیں۔

اگر آپ اہل یورپی یونین (EU) کے شہری ہیں یا یورپی یونین کے ایسے شہری ہیں جن کی عمر 18 سال سے زیادہ ہے اور لندن میں مقیم ہیں، تو آپ صرف مقامی انتخابات، جیسا کہ لندن بورو کونسل کے انتخابات اور لندن کے میئر/لندن اسمبلی کے انتخابات، میں ووٹ ڈال سکتے ہیں۔

اہل یورپی یونین کا شہری ڈنمارک، لکسمبرگ، پولینڈ، پرتگال، یا اسپین کا ایک ایسا شہری ہوتا ہے جسے برطانیہ، چینل آئی لینڈز یا آئل آف مین میں داخل ہونے یا رہنے کی اجازت حاصل ہوتی ہے، یا جسے اجازت لینے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

یورپی یونین کا ووٹنگ کے حقوق برقرار رکھنے والا شہری یورپی یونین کے کسی دوسرے ملک کا ایسا شہری ہوتا ہے جسے 31 دسمبر 2020 کو یا اس سے پہلے برطانیہ، چینل آئی لینڈز یا آئل آف مین میں داخل ہونے یا رہنے کی اجازت حاصل تھی، یا جسے اجازت کی ضرورت نہیں تھی، اور اُسے یہ سہولت بغیر کسی وقفے کے حاصل رہی۔

تازہ ترین معلومات کے لیے https://www.electoralcommission.org.uk. ملاحظہ کریں

**رجسٹر ہونے اور ووٹ ڈالنے کے لیے کیا مجھے 18 سالہ ہونا ضروری ہے؟**

نہیں، یہ عام غلط فہمی ہے۔ لندن اور باقی انگلینڈ میں، آپ 16 سال کی عمر سے ووٹ ڈالنے کے لیے رجسٹر ہو سکتے/سکتی ہیں، لیکن آپ 18 سال کی عمر تک الیکشن میں ووٹ نہیں ڈال سکیں گے/گی۔

**میرا مستقل پتہ نہیں ہے۔ کیا میں ووٹ ڈالنے کے لیے رجسٹر ہو سکتا/سکتی ہوں؟**

جی ہاں، آپ ایسا کر سکتے/سکتی ہیں۔ بہت سے لوگوں کے پاس کوئی ایک یا مستقل پتہ نہیں ہے، اور کچھ بے گھر ہو سکتے ہیں۔ آپ اب بھی ایسی جگہ پر ووٹ ڈالنے کے لیے رجسٹر ہو سکتے/سکتی ہیں جہاں یا تو آپ کا سب سے زیادہ مقامی تعلق ہے یا آپ اپنا زیادہ تر وقت مقامی تعلق کا اعلان کر کے صرف کر سکتے/سکتی ہیں۔ اس معاملے میں رجسٹریشن کے لیے ایک مخصوص فارم موجود ہے - آپ اسے ذیل پر حاصل کر سکتے/سکتی ہیں https://www.gov.uk/government/publications/register-to-vote-if-you-havent-got-a-fixed-or-permanent-address

**جب میں ایک بار ووٹ دینے کے لیے رجسٹر ہوتا ہوں تو کیا میں تاحیات رجسٹر ہو جاتا ہوں؟**

نہیں، اگر آپ کبھی اپنا پتہ، اپنا قانونی نام یا اپنی قومیت تبدیل کرتے ہیں تو آپ کو ووٹ دینے کے لیے دوبارہ رجسٹر کرنا ہو گا۔ دوہری شہریت والوں کو دوبارہ رجسٹر ہونا چاہیے جب انہیں ان کی برطانوی شہریت ملے گی کیونکہ اس کے ساتھ مکمل ووٹنگ کے حقوق ہوتے ہیں۔

**کیا ووٹ دینے کے لیے رجسٹر ہونے کی کوئی اختتامی تاریخ ہے؟**

آپ کسی بھی وقت ووٹ ڈالنے کے لیے رجسٹر ہو سکتے/سکتی ہیں۔ تاہم، رجسٹر ہونے کے لیے آپ کی درخواست پر فوری طور پر کارروائی نہیں کی جاتی، اس لیے بہتر ہے کہ آنے والے انتخابات سے قبل جلد از جلد رجسٹریشن کروا لی جائے۔ کسی خاص انتخابات میں ووٹر کی رجسٹریشن کی آخری تاریخ کی پہلے سے تشہیر کی جائے گی، لیکن عام طور پر آخری تاریخ انتخابات کے دن سے تقریباً دو ہفتے پہلے ہوتی ہے۔

**اگر میں ووٹ ڈالنے کے لیے رجسٹر ہوتا ہوں تو کیا مجھے ووٹ ڈالنا ہو گا؟**

برطانیہ میں ووٹ ڈالنا لازمی نہیں ہے۔ اس لیے، اگر آپ ووٹ دینے کے لیے رجسٹرڈ ہیں تو آپ کے پاس ووٹ دینے یا نہ کرنے کا اختیار موجود ہے۔ لیکن اگر آپ ووٹ دینے کے لیے پہلے رجسٹرڈ نہیں ہیں تو آپ ووٹ نہیں دے سکتے/سکتیں۔

**ووٹ دینے کے لیے رجسٹر ہونے اور ووٹ دینے کے لیے تصویری ائی ڈی رکھنے کے فوائد**

**ووٹ دینے کے لیے رجسٹر ہونے اور ووٹ دینے کے لیے تصویری ائی ڈی رکھنے کے کیا فوائد ہیں؟**

ووٹ کے لیے رجسٹر ہونا آپ کو اپنے بنیادی جمہوری حقوق کا استعمال کرنے کے قابل بناتا ہے، جو بڑی مشکل سے حاصل کیے گئے تھے اور لندن کے تمام شہریوں کے لیے دستیاب نہیں ہیں۔

ووٹ دینے کے لیے رجسٹر ہونے سے آپ کا کریڈٹ اسکور بھی بہتر ہوتا ہے کیونکہ ممکنہ قرض دہندگان آپ کے نام اور پتے کی تصدیق کے لیے انتخابی رجسٹر کا حوالہ دے سکتے ہیں۔ انتخابی رجسٹر کا استعمال جیوری سروس کے لیے شرکاء کو منتخب کرنے کے لیے بھی کیا جاتا ہے - متنوع جیوریز کے زیادہ اچھے فیصلے آنے کا امکان ہوتا ہے۔

ووٹ ڈالنے یا نہ ڈالنے کا فیصلہ آپ کا ہے۔ لیکن، اس بات کو یقینی بنانا کہ آپ ووٹ دینے کے لیے رجسٹرڈ ہیں اور آپ کے پاس ووٹ ڈالنے کے لیے ایک قبول شدہ فوٹو ID ہے، آپ کو اُن مسائل کے حوالے سے اپنی آواز سنانے کی سہولت دیتا ہے جو آپ، آپ کے خاندان اور آپ کی کمیونٹی، لندن اور ملک کے مستقبل کے لیے اہم ہیں۔

## میرا ڈیٹا

**اگر میں ووٹ دینے کے لیے رجسٹر ہوں یا مفت ووٹر اتھارٹی سرٹیفکیٹ کے لیے درخواست دوں تو میرے ڈیٹا تک کسے رسائی حاصل ہو گی؟**

اگر آپ کو لگتا ہے کہ انتخابی رجسٹر میں آپ کا نام اور پتہ ہونا آپ کی تحفظ، یا آپ کے گھر کے کسی فرد کی تحفظ کو متاثر کر سکتا ہے، تو آپ گمنام طور پر ووٹ ڈالنے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ اس عمل کے لیے درکار اقدامات https://www.electoralcommission.org.uk/voting-and-elections/who-can-vote/register-vote/register-vote-anonymously پر دستیاب ہیں۔

اگر آپ گمنام طور پر ووٹ ڈالنے کے لیے رجسٹرڈ ہیں اور روبرو ووٹ ڈالنا چاہتے ہیں، تو آپ کو **گمنام انتخابی دستاویز**کے لیے درخواست دینی ہو گی۔ آپ مزید معلومات پر تلاش کر سکتے/سکتی ہیں https://www.electoralcommission.org.uk/voting-and-elections/who-can-vote/register-vote/register-vote-anonymously#anonymous-electors-document

اگر آپ اپنی ذاتی معلومات کی حفاظت کے بارے میں فکر مند ہیں، یعنی 'اوپن رجسٹر' پر ہونے کے بارے میں جسے فریقین ثالث خرید سکتے ہیں، تو آپ آن لائن رجسٹریشن کے عمل کے دوران ہمیشہ اوپن رجسٹر سے 'آپٹ آؤٹ' کر سکتے/سکتی ہیں۔ آپ 'مکمل رجسٹر' پر رہیں گے جو بورو کی الیکٹورل سروسز (مثال کے طور پر انتخابات سے پہلے پول کارڈ بھیجنے کے لیے) اور قرضوں کی درخواستوں/ کریڈٹ اسکور کی جانچ کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ گمنام طور پر رجسٹر ہونے سے مختلف ہے، جہاں آپ کی تفصیلات 'اوپن رجسٹر' یا 'مکمل رجسٹر' پر ظاہر نہیں ہوں گی۔

## ووٹ دینے کے طریقے

**کیا ووٹ ڈالنے کے طریقے مختلف ہیں؟**

ووٹ ڈالنے کے لیے رجسٹر ہونے کے بعد، آپ انتخابات کے دن پولنگ اسٹیشن پر روبرو ووٹ دے سکتے/سکتی ہیں؛ بذریعہ ڈاک ووٹ (اگر آپ انتخابات کے دن آس پاس نہیں ہیں، مثال کے طور پر، اگر آپ چھٹی پر ہیں)؛ یا پراکسی کے ذریعے ووٹ دیں (جس کا مطلب ہے کہ کسی اور سے کہنا جس پر آپ اعتماد کرتے ہیں کہ وہ آپ کے لیے ووٹ ڈالے، مثال کے طور پر اگر آپ بیمار ہیں)۔

پراکسی کے ذریعے ووٹ دینے کے لیے، آپ https://www.gov.uk/apply-proxy-vote پر آن لائن درخواست دے سکتے ہیں۔

ڈاک کے ذریعے ووٹ دینے کے لیے، آپ https://www.gov.uk/apply-postal-vote پر آن لائن درخواست دے سکتے ہیں۔

اگر آپ آن لائن درخواست نہیں دے سکتے، تو https://www.gov.uk/government/collections/proxy-voting-application-forms سے پراکسی ووٹ کا درخواست فارم یا https://www.gov.uk/government/publications/apply-for-a-postal-vote سے پوسٹل ووٹ کا درخواست فارم داؤن لوڈ کر کے پُر کر سکتے ہیں اور اسے اپنے مقامی الیکٹورل رجسٹریشن دفتر کو بھیج سکتے ہیں، یا درخواست فارم کو بذریعہ ڈاک منگوانے کی درخواست کر سکتے ہیں۔

آپ اپنی بورو کی الیکٹورل سروسز کی تفصیلات https://www.gov.uk/contact-electoral-registration-office.

**کیا ووٹ دینے کے تمام طریقوں کے لیے مجھے تصویری آئی ڈی درکار ہے؟**

نہیں، پوسٹ یا پراکسی کے ذریعے ووٹ دینے کے لیے آپ کو تصویری آئی ڈی دکھانے کی ضرورت نہیں ہو گی۔

آپ کے پراکسی کو آپ کی جانب سے ووٹ ڈالنے کے لیے پولنگ اسٹیشن پر اپنی تصویری شناخت دکھانا کرنا پڑے گی۔ پولنگ اسٹیشن پر ذاتی طور پر ووٹ ڈالنے کے لیے آپ کو ووٹ دینے کے لیے ایک قبول شدہ تصویری شناخت درکار ہوگی۔

پراکسی یا بذریعہ ڈاک ووٹ ڈالنے کے لیے آپ https://www.gov.uk/apply-proxy-vote یا https://www.gov.uk/apply-postal-vote پر آن لائن درخواست دے سکتے ہیں۔

اگر آپ آن لائن درخواست نہیں دے سکتے، تو https://www.gov.uk/government/collections/proxy-voting-application-forms سے پراکسی ووٹ کا درخواست فارم یا https://www.gov.uk/government/publications/apply-for-a-postal-vote سے پوسٹل ووٹ کا درخواست فارم ڈاؤن لوڈ اور پُر کر سکتے ہیں اور اسے اپنے مقامی الیکٹورل رجسٹریشن دفتر کو بھیج سکتے ہیں، یا درخواست فارم کو بذریعہ ڈاک منگوانے کی درخواست کر سکتے ہیں۔

. آپ اپنی بورو کی الیکٹورل سروسز کی تفصیلات https://www.gov.uk/contact-electoral-registration-office.

**پراکسی ووٹنگ میں کون سی تبدیلیاں ہیں جن سے مجھے آگاہ ہونے کی ضرورت ہے؟**

پراکسی ووٹنگ میں تبدیلیاں 31 اکتوبر 2023 سے لاگو ہوئی تھیں۔

اب ایک حد مقرر کر دی گئی ہے کہ ایک شخص کتنے لوگوں کے لیے بطور پراکسی کام کر سکتا ہے، اس میں خاندان کے افراد بھی شامل ہیں۔ آپ پراکسی کے ذریعے برطانیہ میں مقیم زیادہ سے زیادہ دو ووٹرز یا برطانیہ سے باہر مقیم (یعنی بیرون ملک مقیم برطانوی ووٹرز) زیادہ سے زیادہ چار ووٹرز کی جانب سے ووٹ ڈال سکتے ہیں۔

چند اقسام کے پراکسی ووٹ کے لیے آپ https://www.gov.uk/apply-proxy-vote پر آن لائن درخواست دے سکتے ہیں۔ اگر آپ کی درخواست کو تصدیق کی ضرورت ہے (اُن لوگوں کے لیے جو گمنام ووٹ ڈالنے کے لیے رجسٹرڈ ہیں) یا اگر آپ ہنگامی پراکسی ووٹ کے لیے درخواست دے رہے ہیں تو آپ آن لائن درخواست نہیں دے سکیں گے۔

اگر آپ آن لائن درخواست نہیں دے سکتے ہیں، تو https://www.gov.uk/government/collections/proxy-voting-application-forms سے پراکسی ووٹ کا درخواست فارم ڈاؤن لوڈ اور پُر کر سکتے ہیں اور اسے اپنے مقامی الیکٹورل رجسٹریشن دفتر کو بھیج سکتے ہیں، یا درخواست فارم کو بذریعہ ڈاک منگوانے کی درخواست کر سکتے ہیں۔

آپ اپنی برو انتخابی خدمات کی تفصیلات https://www.gov.uk/contact-electoral-registration-office پر حاصل کر سکتے ہیں۔

آن لائن اور کاغذی دونوں طرح کی درخواستوں کے لیے ID کی تصدیق درکار ہوگی (سوائے ہنگامی پراکسی ووٹوں کے)۔ آپ کو پراکسی کے ذریعے ووٹ ڈالنے کے لیے فوٹو ID فراہم کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی (آپ کے پراکسی کو آپ کی جانب سے ووٹ ڈالنے کے لیے ایک قبول شدہ فوٹو ID کی ضرورت ہوگی)۔ آپ کے دستخط اور تاریخ پیدائش کی تصدیق سمیت شناخت کی دیگر جانچیں کی جاتی ہیں۔

پراکسی ووٹنگ کے بارے میں تازہ ترین معلومات کے لیے https://www.electoralcommission.org.uk/i-am-a/voter/apply-vote-proxy چیک کریں۔

اگر آپ کے پاس پراکسی کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا کوئی موجودہ انتظام ہے تو عبوری عمل موجود ہو گا۔ آپ اپنے مقامی الیکٹورل رجسٹریشن دفتر سے https://www.gov.uk/contact-electoral-registration-office کے ذریعے رابطہ کر کے موجودہ پراکسی ووٹ کی تجدید کر سکتے ہیں۔

**پوسٹل ووٹنگ میں کون سی تبدیلیاں ہیں جن سے مجھے آگاہ ہونے کی ضرورت ہے؟**

پوسٹل ووٹنگ میں تبدیلیاں 31 اکتوبر 2023 سے لاگو ہوئیں تھیں۔

پوسٹل ووٹ کی کامیاب درخواست آپ کے لیے زیادہ سے زیادہ تین سال کے لیے بذریعہ ڈاک ووٹ ڈالنے کے لیے کارآمد ہوگی۔ تین سال کے بعد، اگر آپ ڈاک کے ذریعے ووٹ دینا جاری رکھنا چاہتے ہیں تو آپ کو دوبارہ درخواست دینا ہوگی۔

آپ پوسٹل ووٹ کے لیے آن لائن درخواست دے سکتے ہیں یا اگر آپ آن لائن درخواست نہیں دے سکتے ، تو https://www.gov.uk/government/publications/apply-for-a-postal-vote سے پوسٹل ووٹ کا درخواست فارم ڈاؤن لوڈ اور پُر کر سکتے ہیں اور اسے اپنے مقامی الیکٹورل رجسٹریشن دفتر کو بھیج سکتے ہیں، یا درخواست فارم کو بذریعہ ڈاک منگوانے کی درخواست کر سکتے ہیں۔

آپ اپنی برو انتخابی خدمات کی تفصیلات https://www.gov.uk/contact-electoral-registration-office سے حاصل کر سکتے ہیں۔

ڈاک کے ذریعے ووٹ دینے کے لیے آپ کو فوٹو ID فراہم کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ آپ کے دستخط اور تاریخ پیدائش کی تصدیق سمیت شناخت کی دیگر جانچیں کی جاتی ہیں۔ پوسٹل ووٹنگ کے بارے میں تازہ ترین معلومات کے لیے https://www.electoralcommission.org.uk/i-am-a/voter/apply-vote-post دیکھیں۔

اگر آپ کے پاس پوسٹل ووٹ موجود ہے تو عبوری عمل موجود ہو گا۔ آپ اپنے مقامی الیکٹورل رجسٹریشن دفتر سے https://www.gov.uk/contact-electoral-registration-office کے ذریعے رابطہ کر کے موجودہ پوسٹل ووٹ کی تجدید کر سکتے ہیں۔

اگر آپ اپنا پوسٹل ووٹ بروقت پوسٹ کرنے کے قابل نہیں ہیں، تو آپ اسے پولنگ کے دن اپنے پولنگ اسٹیشن یا اپنی مقامی کونسل میں لے جا سکتے ہیں۔ ووٹر صرف پولنگ سٹیشن پر اپنا پوسٹل ووٹ، اور پانچ تک دوسرے لوگوں کے پوسٹل ووٹ ڈال سکیں گے۔ مہم چلانے والے صرف اپنا اور زیادہ سے زیادہ پانچ ایسے دیگر افراد کا پوسٹل ووٹ ڈال سکتے ہیں جو یا تو اُن کے قریبی رشتہ دار ہیں، یا وہ اُن کی باقاعدہ دیکھ بھال کرتے ہیں۔ پوسٹل ووٹ مقامی اتھارٹی کے دفاتر یا پولنگ اسٹیشنوں کو دینے والے تمام افراد کو پوسٹل ووٹ کی واپسی کا فارم مکمل کرنا ہوگا۔

**لندن کے میئر اور لندن اسمبلی کے انتخابات کے لیے کونسا ووٹنگ سسٹم استعمال کیا جاتا ہے؟**

الیکشنز ایکٹ (2022) میں لندن کے میئر کے انتخابات کے لیے ووٹنگ سسٹم میں تبدیلیاں کی گئی تھیں۔ لندن اسمبلی کے لیے ہمارے ووٹ دینے کے طریقے میں کوئی تبدیلی نہیں آئی۔

**لندن کے میئر کا انتخاب**

لندن کے میئر کا انتخاب اب اکثریتی ووٹ کے نظام (First-Past-the-Post system) کے ذریعے کیا جاتا ہے۔ آپ اپنی ترجیحی پسند / امیدوار کے سامنے کے خانے میں کانٹا [X] لگا کر ایک شخص کو ووٹ دے سکتے ہیں۔ سب سے زیادہ ووٹ لینے والا لندن کا میئر بن جائے گا۔ یہ نظام برطانیہ کے پارلیمانی/عام انتخابات کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔

لندن اسمبلی 25 اسمبلی کے ارکان (AMs) پر مشتمل ہوتی ہے - 11 پورے دارالحکومت کی نمائندگی کرتے ہیں اور 14 حلقوں سے منتخب ہوتے ہیں۔

**حلقہ لندن اسمبلی کے ارکان**

حلقہ لندن اسمبلی کے ارکان کا انتخاب اکثریتی ووٹ کے نظام (First-Past-the-Post system) کے ذریعے کیا جاتا ہے۔ آپ اپنی ترجیحی پسند / امیدوار کے سامنے کے خانے میں کانٹا [X] لگا کر ایک شخص کو ووٹ دے سکتے ہیں۔ سب سے زیادہ ووٹ حاصل کرنے والا شخص آپ کے حلقے سے لندن اسمبلی کا رُکن بن جائے گا۔ ایک حلقہ عام طور پر لندن کے دو یا تین بورو سے پر مشتمل ہوتا ہے۔

**لندن بھر کے اسمبلی کے ارکان**

پورے لندن کی اسمبلی کے ارکان کا انتخاب ایڈیشنل ممبر سسٹم کا استعمال کرتے ہوئے کیا جاتا ہے، جس کے تحت ہر پارٹی کو ڈالے گئے ووٹوں کی تعداد اس پارٹی کی جیتی ہوئی AMs سیٹوں کی تعداد کے متناسب ہوتی ہے۔

آپ لندن الیکٹس https://www.londonelects.org.uk/changes-how-we-vote پر لندن کے میئر اور لندن اسمبلی کے انتخابات کے بارے میں مزید معلومات پر حاصل کر سکتے ہیں۔

**اگر میں بیرون ملک مقیم ہوں تو کیا میں ووٹ دینے کے لیے رجسٹر ہو سکتا / سکتی ہوں؟**

بیرون ملک مقیم برطانوی شہری جو پہلے لندن میں رہ چکے ہیں یا ووٹ ڈالنے کے لیے رجسٹرڈ ہیں وہ گزشتہ پتہ استعمال کرتے ہوئے برطانیہ کی پارلیمنٹ کے انتخابات میں رجسٹر کرنے اور ووٹ ڈالنے کے اہل ہیں جہاں وہ لندن میں مقیم تھے۔

آپ ووٹ ڈالنے کے لیے https://www.gov.uk/register-to-vote پر رجسٹر کروا سکتے ہیں۔

انتخابی خدمات درخواست دہندگان کی شناخت کی تصدیق کریں گی اور لندن کے دیے گئے پتے پر گزشتہ رہائش یا رجسٹریشن کی جانچ کریں گی۔

اگر آپ بیرون ملک مقیم ووٹر کے طور پر رجسٹرڈ ہیں، تو انتخابات کے دن لندن میں موجود ہونے کی صورت میں ذاتی طور پر ووٹ ڈال سکتے ہیں یا ڈاک یا پراکسی کے ذریعے ووٹ ڈالنے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

بیرون ملک ووٹر کے اندراج کو 3 سال کے اندر تجدید کرنے کی ضرورت ہوگی۔

آپ https://www.electoralcommission.org.uk/voting-and-elections/who-can-vote/other-registration-options/voting-if-you-live-overseas پر مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں

## روبرو ووٹ دینا

**میں اپنا پولنگ اسٹیشن کہاں تلاش کر سکتا/سکتی ہوں؟**

اگر آپ روبرو ووٹ ڈالنے کے لیے رجسٹرڈ ہیں، تو الیکشن کے دن سے پہلے آپ کے رجسٹرڈ پتے پر پولنگ کارڈ بھیجا جائے گا۔ اس کارڈ میں آپ کے تفویض کردہ پولنگ سٹیشن کا پتہ شامل ہو گا - آپ صرف اس پولنگ سٹیشن پر ووٹ ڈال سکتے/سکتی ہیں، اور یہ ممکنہ طور پر ایک مقامی عوامی عمارت جیسا کہ سکول، مذہب یا کمیونٹی سنٹر ہو گا۔ یہ انتخابات کے دن صبح 7 بجے سے رات 10 بجے تک کھلا رہے گا۔ اگر آپ اپنا پولنگ کارڈ کھو دیتے ہیں تو پریشان نہ ہوں – آپ کو ووٹ دینے کے لیے اس کی ضرورت نہیں ہے **(بشرطیکہ آپ گمنام ووٹ دینے کے لیے رجسٹرڈ ہوں)** اور آپ اپنا پوسٹ کوڈ درج کر کے اپنا پولنگ اسٹیشن تلاش کر سکتے/سکتی ہیں۔
https://www.electoralcommission.org.uk/i-am-a/voter/your-election-information

**پولنگ اسٹیشن میں کیا ہو گا؟**

تمام پولنگ سٹیشن انتخابات کے دن **صبح 7 بجے سے رات 10 بجے** تک کھلے رہیں گے۔ کچھ میں استقبالی کارکنان ہو سکتے ہیں جو ووٹرز کو پولنگ سٹیشن میں داخل ہونے سے پہلے خوش آمدید کہیں گے اور ان سے پوچھیں گے کہ کیا وہ ذاتی طور پر ووٹ ڈالنے کے قابل ہونے کے لیے تصویری آئی ڈی کی کوئی قابل قبول صورت لے کر آئے ہیں۔

پولنگ اسٹیشن میں جانے کے بعد، آپ درج ذیل کی توقع کر سکتے/سکتی ہیں:

- عملے کا ایک رکن آپ سے آپ کا نام اور پتہ پوچھے گا، اور چیک کرے گا کہ آیا آپ انتخابی رجسٹر پر موجود ہیں۔
- وہ آپ کی تصویری آئی ڈی دیکھنے کے لیے کہیں گے، چیک کریں گے کہ یہ قابل قبول ہے (مزید معلومات https://www.electoralcommission.org.uk/voting-and-elections/voter-id/accepted-forms-photo-id پر)، اور یہ کہ یہ آپ جیسی لگے۔ اگر آپ گمنام ووٹ ڈالنے کے لیے رجسٹر شدہ ہیں (مزید معلومات پر https://www.electoralcommission.org.uk/voting-and-elections/who-can-vote/register-vote/register-vote-anonymously ) ، آپ سے اپنا پول کارڈ اور گمنام انتخابی دستاویز (AED) دکھانے کا کہا جائے گا۔ اگر آپ اپنی تصویری آئی ڈی کو نجی طور پر دیکھنے کا انتخاب کرتے ہیں تو ایک نجی حصہ دستیاب ہو گا۔ پولنگ سٹیشن کے لحاظ سے یہ ایک الگ کمرہ، یا رازداری اسکرین سے الگ کیا گیا حصہ ہو سکتا ہے۔
- جب آپ کی تصویری آئی ڈی کی جانچ کامیابی سے ہو جائے گی تو عملے کا رکن رجسٹر سے آپ کا نام کراس کرے گا اور آپ کو ایک بیلٹ پیپر دے گا جس میں ان امیدواروں کی فہرست دی جائے گی جنہیں آپ ووٹ دے سکتے/سکتی ہیں۔ اگر آپ کے مقامی علاقے میں ایک ہی دن ایک سے زیادہ انتخابات ہو رہے ہیں تو آپ کو ایک سے زیادہ بیلٹ پیپر دیے جا سکتے ہیں۔
- اپنا بیلٹ پیپر (یا کاغذات) پولنگ بوتھ پر لے جائیں، تا کہ آپ خفیہ ووٹ ڈال سکیں۔ بیلٹ پیپر پر ہدایات بغور پڑھیں۔ کچھ انتخابات ووٹنگ کے مختلف طریقے استعمال کرتے ہیں، اس لیے آپ کو یہ یقینی بنانا ہو گا کہ آپ نے ہر بیلٹ پیپر کو صحیح طریقے سے پُر کیا ہے۔
- پولنگ بوتھ میں فراہم کردہ پنسل کا استعمال کرتے ہوئے اپنا بیلٹ پیپر مکمل کریں۔ اگر آپ چاہیں تو اپنا پین بھی استعمال کر سکتے/سکتی ہیں۔ کاغذ پر کچھ اور نہ لکھیں، ورنہ ہو سکتا ہے آپ کا ووٹ شمار نہ ہو۔ اگر آپ غلطی کرتے ہیں، تو اپنا بیلٹ پیپر بیلٹ باکس میں نہ ڈالیں۔ پولنگ سٹیشن کے عملے سے متبادل بیلٹ پیپر مانگیں اور اسے دوبارہ پُر کریں۔
- جب یہ ہو جائے، تو اپنے مکمل بیلٹ پیپر کو تہہ لگائیں اور بیلٹ باکس میں ڈال دیں۔

**اگر میں مذہبی وجوہات کی بنا پر چہرہ ڈھانپتی ہوں تو میری تصویری آئی ڈی کی جانچ کیسے کی جائے گی؟**

پولنگ اسٹیشن کے عملے کو یہ چیک کرنے کی اجازت دینے کے لیے کہ آپ اپنی تصویری آئی ڈی کی طرح نظر آتے ہیں، آپ سے مختصر طور پر اپنے چہرے کا کور ہٹانے کے لیے کہا جائے گا تا کہ وہ آپ کا چہرہ دیکھ سکیں۔ ووٹنگ کے بقیہ عمل کے لیے چہرے کو ڈھانپا جا سکتا ہے۔

اگر آپ چاہیں تو آپ عملے کی کسی خاتون رکن سے اپنی تصویری آئی ڈی چیک کرنے کا کہہ سکتے/سکتی ہیں، اور اگر ممکن ہو تو پولنگ سٹیشن کا عملہ اس کا بندوبست کرے گا۔

آپ اپنی تصویر کی شناخت نجی طور پر چیک کرنے کے لیے کہہ سکتے/سکتی ہیں۔ اس مقصد کے لیے پولنگ اسٹیشن میں نجی حصہ دستیاب ہو گا۔ ایسی

درخواستوں کا نظم احتیاط اور شائستگی سے کیا جانا چاہیے۔ آپ کو اس درخواست کی وجہ بتانے کی ضرورت نہیں ہے، اور آپ سے اس کی وجہ بتانے کے لیے نہیں کہا جانا چاہیے۔

ایک آئینہ دستیاب ہو گا تا کہ آپ اس بات کو یقینی بنا سکیں کہ نجی حصے سے نکلنے سے پہلے آپ کا چہرہ ٹھیک سے ڈھانپا گیا ہے۔

اگر آپ اپنا چہرہ ڈھانپنے سے انکار کرتے ہیں اور عملہ آپ کی تصویر کی شناخت کو چیک کرنے سے قاصر ہے، تو اس کا مطلب یہ ہو سکتا ہے کہ آپ کو بیلٹ پیپر جاری نہیں کیا جائے گا، اس لیے آپ ووٹ نہیں ڈال سکیں گے۔

**اگر میں طبی وجوہات کی بنا پر فیس ماسک پہنتا ہوں تو میری تصویری آئی ڈی کیسے چیک کی جائے گی؟**

پولنگ اسٹیشن کے عملے کو یہ چیک کرنے کی اجازت دینے کے لیے کہ آپ اپنی تصویری آئی ڈی کی طرح نظر آتے ہیں، آپ سے مختصر طور پر اپنے چہرے کا ماسک ہٹانے کے لیے کہا جائے گا تا کہ وہ آپ کا چہرہ دیکھ سکیں۔ یہ ضرورت اس صورت میں لاگو ہوتی ہے اگر آپ مدافعتی کمزوری کے شکار ووٹر ہیں یا صحت کی دیگر وجوہات کی بنا پر ماسک پہنتے ہیں۔

آپ اپنی تصویر کی شناخت نجی طور پر چیک کرنے کے لیے کہہ سکتے/سکتی ہیں۔ اس مقصد کے لیے پولنگ اسٹیشن میں نجی حصہ دستیاب ہو گا۔ ایسی درخواستوں کا نظم احتیاط اور شائستگی سے کیا جانا چاہیے۔ آپ کو اس درخواست کی وجہ بتانے کی ضرورت نہیں ہے، اور آپ سے اس کی وجہ بتانے کے لیے نہیں کہا جانا چاہیے۔

اگر آپ اپنے چہرے کے ماسک کو ہٹانے سے انکار کرتے ہیں اور عملہ آپ کی تصویری آئی ڈی چیک کرنے سے قاصر ہے، تو اس کا مطلب یہ ہو سکتا ہے کہ آپ کو بیلٹ پیپر جاری نہیں کیا جائے گا، اس لیے ووٹ نہیں ڈال سکیں گے۔

**پولنگ سٹیشن کا عملہ کیسے فیصلہ کرے گا کہ آیا میری آئی ڈی پر تصویر کافی حد تک میری طرح نظر آتی ہے؟**

پولنگ سٹیشن کا عملہ آپ کی تصویری آئی ڈی پر موجود تصویر اور نام کو دیکھے گا تا کہ یہ چیک کیا جا سکے کہ یہ انتخابی رجسٹر پر موجود آپ کے نام سے مماثل ہے۔ اگر آپ کو ٹھیک سے معلوم نہیں ہے کہ آیا آپ کی تصویر کی شناخت ہو جائے گی، تو آپ اپنی ایک حالیہ تصویر کے ساتھ مفت ووٹر اتھارٹی سرٹیفکیٹ کے لیے درخواست دے سکتے/سکتی ہیں۔ مزید معلومات https://www.electoralcommission.org.uk/i-am-a/voter/voter-id/applying-a-voter-authority-certificate پر

اگر آپ کے خدشات آپ کے صنفی حلیے سے متعلق ہیں، تو ووٹر اتھارٹی سرٹیفکیٹ میں جنس کی علامت شامل نہیں ہے۔

**میں ایک نابینا/ کمزور بینائی والا ووٹر ہوں، پولنگ سٹیشن پر میرے لیے کیا مدد دستیاب ہے؟**

الیکشنز ایکٹ (2022) کے بعد، ریٹرننگ افسران - وہ اہلکار جو انتخابات کی نگرانی کرتے ہیں - کو اب معذور افراد کے لیے آزاد اور خفیہ ووٹ دینے کے لیے انتظامات کرنے کی ضرورت ہے۔ ریٹرننگ افسران کو الیکٹورل کمیشن کی رسائی کی رہنمائی پر عمل کرنا چاہیے۔

نابینا اور کمزور بینائی والے ووٹرز کی مدد کرنے کے لیے، تمام پولنگ اسٹیشنز کے پاس یہ ہونا ضروری ہے:
- ایک ٹیکٹائل ووٹنگ ڈیوائس
- حوالے کے لیے بیلٹ پیپر کی ایک بڑے نقوش میں نقل
- میگنیفائرز
- اضافی روشنی
- پولنگ سٹیشن کے عملے کی مدد سے ووٹنگ بوتھ تک رہنمائی اور ضرورت پڑنے پر آپ کے ووٹ کو نشان لگانا

ریٹرننگ افسران کو یہ بھی اندازہ لگانے کی ضرورت ہے کہ ان کے علاقے میں کیا ضرورت ہے اور وہ اضافی سامان فراہم کر سکتے ہیں، جیسے کسی کو آزادانہ اور خفیہ طور پر ووٹ دینے کے قابل بنانے کے لیے آڈیو آلات۔ ریٹرننگ افسران کے لیے الیکٹورل کمیشن کی ہدایات کے متعلق مزید https://www.electoralcommission.org.uk/guidance-returning-officers-assistance-voting-disabled-voters/ensuring-voting-accessible/providing-equipment-polling-station-enables-or-makes-voting-easier-disabled-voters پڑھیں

**آپ پولنگ سٹیشن پر معقول موافقت کی درخواست کیسے کر سکتے/سکتی ہیں؟**

آپ پولنگ سٹیشن کے عملے سے اس دن پوچھ سکتے/سکتی ہیں، اور وہ ہر ممکن مدد کریں گے۔ یہ یقینی بنانے کے لیے کہ چیزیں آپ کے لیے ہر ممکن حد تک آرام دہ ہوں، آپ اپنے مقامی ریٹرننگ آفیسر یا مقامی الیکٹورل سروسز کو لکھ سکتے/سکتی ہیں، تا کہ انہیں مطلع کر سکیں کہ آپ کو آزادانہ طور

پر ووٹ ڈالنے کے لیے مناسب موافقت کی ضرورت ہے۔ ان کے رابطہ معلومات تلاش کرنے کے لیے، آپ الیکٹورل کمیشن کے پوسٹ کوڈ کو تلاش کرنے کے طریقے کو https://www.electoralcommission.org.uk/i-am-a/voter/your-election-information پر استعمال کر سکتے/سکتی ہیں، اور رابطے میں رہنے کے لیے RNIB کا ٹیمپلیٹ نوٹیفکیشن لیٹر استعمال کر سکتے/سکتی ہیں، جو یہاں دستیاب ہے
https://www.rnib.org.uk/documents/1604/Notification_template_for_individuals_to_send_to_Returning_Officers.docx

پولنگ سٹیشن کے عملے کو یہ واضح کرنے کے لیے ہدایت بھی جاری کی گئی ہے کہ موبائل فون ایپس (جیسے "Seeing AI" جو پرنٹ شدہ متن کو پڑھنے کے لیے مصنوعی ذہانت کا استعمال کر سکتی ہے) یا ویڈیو میگنفائنگ ڈیوائسز کو نابینا اور جزوی طور پر بینائی والے افراد معقول موافقت کے طور پر ووٹ دینے کے لیے استعمال کر سکتے/سکتی ہیں۔

**اگر مجھے پولنگ سٹیشن پر مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟**

اگر آپ کو پولنگ سٹیشن پر کوئی مسئلہ درپیش ہے یا آپ اپنے تجربے کے بارے میں رائے دینا چاہتے ہیں، تو آپ اپنی مقامی کونسل میں الیکٹورل سروسز کی ٹیم سے رابطہ کر سکتے/سکتی ہیں۔ اپنی مقامی الیکٹورل سروسز کی ٹیم سے رابطے میں رہنے کے لیے، اپنا پوسٹ کوڈ یہاں درج کریں - https://www.electoralcommission.org.uk/i-am-a/voter/your-election-information

## گمنام طور پر ووٹ دینا

**گمنام رجسٹریشن کیا ہے؟**

جب کوئی ووٹ دینے کے لیے رجسٹر ہو گا، تو اس کا نام اور پتہ الیکٹورل رجسٹر پر ظاہر ہو گا۔ اگر کسی کو خدشہ ہے کہ انتخابی رجسٹر میں اس کا نام اور پتہ ہونا ان کی حفاظت کو خطرے میں ڈال سکتا ہے، تو وہ گمنام ووٹر کے طور پر اندراج کے لیے درخواست دے سکتا ہے۔

الیکٹورل رجسٹر پر اندراجات عموماً ایسے ظاہر ہوتے ہیں:
FBC412 Vella, John 59 Green Lane
BC413 Vella, Veronica 59 Green Lane

الیکٹورل رجسٹر پر گمنام اندراجات ایسے ظاہر ہوتے ہیں:
BC602 N

'N' اس چیز کی نشاندہی کرتا ہے کہ یہ اندراج ایک گمنام رجسٹرڈ ووٹر سے متعلقہ ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ گمنام ووٹ دینے کے لیے رجسٹرڈ لوگ اب بھی ووٹ ڈال سکیں گے، لیکن ان کا نام اور پتہ الیکٹورل رجسٹر پر نہیں ہو گا۔

**کیا میں گمنام طور پر رجسٹر ہو سکتا/سکتی ہوں؟**

کوئی بھی شخص جو گمنام طور پر ووٹ دینے کے لیے اندراج کرنا چاہتا ہے اسے درج ذیل کی ضرورت ہو گی:
- ایک درخواست فارم مکمل کرنا
- وضاحت کرنا کہ اگر ان کی تفصیلات الیکٹورل رجسٹر میں ہوں تو ان کی حفاظت، یا ان کے گھر کے کسی فرد کی حفاظت کیوں خطرے میں ہو گی
- اپنی رجسٹریشن میں معاونت کے لیے ثبوت جمع کروانا
- درخواست فارم، وضاحت اور ثبوت اپنی مقامی کونسل کو واپس کرنا

آپ گمنام طور پر رجسٹر کرنے کے لیے ایک گائیڈ ڈاؤن لوڈ کر سکتے/سکتی ہیں، جو ویمنز ایڈ کے اشتراک سے https://www.electoralcommission.org.uk/resources/democratic-engagement-resources/supporting-domestic-abuse-survivors-register-vote-anonymously پر بنائی گئی ہے آپ پرنٹ شدہ درخواست فارم یہاں تلاش کر سکتے/سکتی ہیں
https://www.electoralcommission.org.uk/sites/default/files/2021-02/Register-to-vote-anonymously-resident-in-England_0.pdf

اگر آپ کو گمنام طریقے سے ووٹ دینے کے لیے رجسٹرہونے کے لیے مدد کی ضرورت ہے، تو آپ اپنی مقامی کونسل سے رابطہ کر سکتے/سکتی ہیں۔ ان کی رابطہ تفصیلات تلاش کرنے کے لیے، اپنا پاس کوڈ یہاں درج کریں
https://www.electoralcommission.org.uk/i-am-a/voter/your-election-information

**میں گمنام طور پر ووٹ دینے کے لیے رجسٹرڈ ہوں، تصویری ID کا تقاضا اس طریقے کو کیسے بدلتا ہے اگر میں روبرو ووٹ ڈالتا ہوں؟**

پولنگ سٹیشن پر روبرو ووٹ ڈالنے کے خواہشمند گمنام ووٹرز کو اپنی قابل قبول تصویری آئی ڈی کے طور پر گمنام انتخابی دستاویز پیش کرنے کی ضرورت ہو گی۔ یہ ایسی دستاویز ہے جس میں آپ کے الیکٹر نمبر اور ایک تصویر ہوتی ہے جو آپ کی شناخت کی تصدیق کے بعد آپ کے مقامی الیکٹورل

رجسٹریشن آفیسر نے تیار کی ہے۔ ایک گمنام الیکٹر کے طور پر آپ قابل قبول تصویری آئی ڈی کی دوسری صورتیں استعمال نہیں کر سکتے/سکتیں۔ روبرو ووٹ دیتے وقت آپ کو اپنا پول کارڈ اور گمنام انتخابی دستاویز پیش کرنے کی ضرورت ہو گی۔

ہر وہ شخص جو پہلے ہی گمنام ووٹ دینے کے لیے رجسٹرڈ ہے، یا جو انتخابات سے پہلے گمنام ووٹ دینے کے لیے اندراج کرتا ہے، اسے ان کی مقامی کونسل کی جانب سے **گمنام انتخابی دستاویز** کے لیے درخواست دینے کے لیے مدعو کیا جائے گا۔ آپ ایک ایسی دستاویز کی درخواست کے لیے مقامی کونسل سے بھی رابطہ کر سکتے/سکتی ہیں۔ آپ https://www.electoralcommission.org.uk/i-am-a/voter/your-election-information پر اپنا پوسٹ کوڈ درج کر کے ان کی تفصیلات حاصل کر سکتے/سکتی ہیں

### میں گمنام انتخابی دستاویز کے لیے کیسے درخواست دوں؟

گمنام انتخابی دستاویز کے لیے درخواست دیتے وقت، آپ کو درج ذیل فراہم کرنے کی ضرورت ہو گی، اپنا:

- نام
- پتہ
- تاریخ پیدائش
- قومی انشورنس نمبر

اگر آپ کو اپنا قومی انشورنس نمبر معلوم نہیں ہے، تو آپ اسے اپنی تنخواہ کی سلپ یا ٹیکس، پنشن یا فوائد سے متعلق سرکاری خطوط پر دیکھ سکتے/سکتی ہیں۔ اگر آپ اسے تلاش کرنے میں ناکام ہیں تو آپ اب بھی اپنی

درخواست مکمل کر سکتے/سکتی ہیں، اور آپ سے اپنی شناخت کی تصدیق کے لیے آئی ڈی کے متبادل فارم فراہم کرنے کا کہا جائے گا، جس میں پیدائش کا سرٹیفکیٹ، بینک اسٹیٹمنٹ یا یوٹیلیٹی بل شامل ہوسکتا ہے۔ اگر آپ اپنے رابطے کی تفصیلات دیتے/دیتی ہیں تو آپ کی کونسل اس کا انتظام کرنے کے لیے آپ سے رابطہ کرے گی۔

آپ کسی ایسے شخص سے بھی کہہ سکتے/سکتی ہیں جو آپ کو جانتا ہو کہ اگر آپ کے پاس شناخت کا کوئی دوسرا قاب قبول ثبوت نہیں ہے تو آپ کی شناخت کی تصدیق کے لیے مقامی کونسل کو تصدیق فراہم کریں۔ آپ کی مقامی کونسل اس بارے میں مزید معلومات فراہم کر سکتی ہے کہ کون تصدیق نامہ فراہم کر سکتا ہے۔ آپ https://www.electoralcommission.org.uk/i-am-a/voter/your-election-information پر اپنا پوسٹ کوڈ درج کر کے رابطہ تفصیلات تلاش کر سکتے/سکتی ہیں

### گمنام انتخابی دستاویز کیسی لگتی ہے؟

ایک گمنام انتخابی دستاویز کے اوپر لفظ 'Elector's Document' لکھا ہوتا ہے، اور یہ ووٹر کی حیثیت کو گمنام ووٹ دینے کے لیے رجسٹرڈ ہونے کا حوالہ نہیں دیتی۔

ایک گمنام انتخابی دستاویز میں درج ذیل شامل ہیں:

- اجراء کی تاریخ
- آپ کی تصویر
- آپ کا انتخابی نمبر (وہ نمبر جو انتخابی رجسٹر پر آپ کے نام اور پتہ کے علاوہ ظاہر ہو گا)
- ایک مناسب شناخت کار (جو الیکٹورل رجسٹریشن افسران کے استعمال کردہ سافٹ ویئر کی جانب سے تیار کردہ 20 حروف اور نمبروں کا مجموعہ ہے)

اگر آپ ایک گمنام ووٹر ہیں، تو آپ کو پولنگ سٹیشن پر جاتے وقت اپنی گمنام ووٹر کی دستاویز ساتھ لانی ہو گی۔ آپ کو اپنے ساتھ قابل قبول تصویری آئی ڈی کا اضافی فارم لانے کی ضرورت نہیں ہے۔

### پولنگ اسٹیشن پر کیا ہو گا؟

گمنام ووٹرز کو اپنے پولنگ سٹیشن پر جاتے وقت اپنا پول کارڈ اور اپنی گمنام انتخابی دستاویز دونوں ساتھ لانے کی ضرورت ہو گی۔

جب آپ پہنچیں گے/گی، تو عملے کا ایک رکن آپ کا استقبال کرے گا، جو:

1. آپ سے آپ کا پول کارڈ دیکھنے کا کہے گا – آپ کو اپنا نام اور پتہ فراہم کرنے کی ضرورت نہیں ہو گی
2. رجسٹر پر آپ کا انتخابی نمبر تلاش کرے گا
3. آپ کی گمنام انتخابی دستاویز چیک کرے گا
4. آپ کو فہرست سے کاٹ دے گا اور آپ کو ایک بیلٹ پیپر دے گا

پولنگ اسٹیشنز پر ایک نجی جگہ دستیاب ہو گی تا کہ آپ اپنے گمنام انتخابی دستاویز کو نجی طور پر دیکھ سکیں۔ پولنگ اسٹیشن کے لحاظ سے یہ ایک الگ

کمرہ ہو سکتا ہے، یا رازداری اسکرین سے الگ کیا گیا حصہ ہو سکتا ہے۔

**اگر میں گمنام طور پر رجسٹرڈ ہوں تو کیا مجھے روبرو ووٹ ڈالنا ہو گا؟**

نہیں، اگر آپ کسی پولنگ اسٹیشن پر ذاتی طور پر ووٹ نہیں دینا پسند کریں گے، تو آپ بذریعہ ڈاک یا پراکسی ووٹ دینے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ ڈاک یا پراکسی کے ذریعے ووٹ ڈالنے کی درخواست دینے یا ووٹ ڈالنے کے لیے آپ کی فوٹو ID کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ کے پراکسی کو آپ کی جانب سے ووٹ ڈالنے کے لیے پولنگ اسٹیشن پر اپنی قبول شدہ فوٹو ID دکھانا ہو گی۔
پراکسی یا ڈاک کے ذریعے ووٹ ڈال کے لیے، آپ کو https://www.gov.uk/apply-proxy-vote یا https://www.gov.uk/apply-postal-vote پر آن لائن درخواست دینا ہو گی۔

اگر آپ آن لائن درخواست نہیں دے سکتے، تو https://www.gov.uk/government/collections/proxy-voting-application-forms سے پراکسی ووٹ کا درخواست فارم یا https://www.gov.uk/government/publications/apply-for-a-postal-vote سے پوسٹل ووٹ کا درخواست فارم داؤن لوڈ کر کے پُر کر سکتے ہیں اور اسے اپنے مقامی الیکٹورل رجسٹریشن دفتر کو بھیج سکتے ہیں، یا درخواست فارم کو بذریعہ ڈاک منگوانے کی درخواست کر سکتے ہیں۔

آپ اپنی برو انتخابی خدمات کی تفصیلات https://www.electoralcommission.org.uk/i-am-a/voter/your-election-information پر دیکھ کر سکتے ہیں۔

گمنام طریقے سے ووٹ ڈالنے کے بارے میں مزید جاننے کے لیے،
https://www.electoralcommission.org.uk/voting-and-elections/ways-vote/how-vote-anonymously چیک کریں.

## قانونی اور ڈیجیٹل امپرنٹ

**قانونی اور ڈیجیٹل نقوش کیا ہیں؟**

قانونی (مطبوعہ مواد) اور ڈیجیٹل (ڈیجیٹل مواد) امپرنٹ شفافیت فراہم کرنے کے لیے یہ بتاتے ہیں کہ کون مہم اور سیاسی مواد کی اشاعت کا ذمہ دار ہے اور وہ کس کے لیے اس کی تشہیر کر رہا / رہی ہے (یعنی جس نے اس کے لیے ادائیگی کی ہے)۔ لہذا، اگر آپ کو یقین نہیں ہے کہ کون آپ کو مطلع کرنے یا متاثر کرنے کی کوشش کر رہا ہے، تو آپ امپرنٹ چیک کر سکتے ہیں۔

ذیل میں ایک امپرنٹ کے نمونے کی مثال موجود ہے جسے ہم اپنے کمیونٹی کے شراکت دار اور مالی معاونت پانے والوں کے ساتھ استعمال کرتے ہیں:

گریٹر لندن اتھارٹی، سٹی ہال، کمال چنچی وے، لندن E16 1ZE کے ذریعے تعاون یافتہ۔ مطبوعہ و تشہر کردہ برائے [تنظیم کا نام]، [تنظیم کا رجسٹرڈ پتہ]۔

آپ امپرنٹ کے بارے میں مزید معلومات https://www.electoralcommission.org.uk/imprints پر حاصل کر سکتے ہیں۔

## ووٹروں کے لیے مزید قابل رسائی مواد اور دیگر وسائل

**ووٹر کی رجسٹریشن اور ووٹر آئی ڈی کی معلومات کے متعلق قابل رسائی وسائل میں کہاں تلاش کر سکتا/سکتی ہوں؟**

ہر سال، GLA لندن کی سب سے زیادہ بولی جانے والی کمیونٹی کی زبانوں میں ڈیجیٹل اور پرنٹ وسائل تخلیق مرتب کرتا ہے۔ آپ انہیں GLA ڈیموکریسی ہب پر https://registertovote.london/ پر تلاش کر سکتے/سکتی ہیں وہاں آپ D/بہرے اور معذور لندن کے رہائشیوں کے لیے بھی وسائل ملاحظہ کر سکتے/سکتی ہیں

الیکٹورل کمیشن اپنی برطانیہ بھر کی معلومات کا مواد بھی تیار کرتا ہے جس تک آپ https://www.electoralcommission.org.uk پر رسائی کر سکتے/سکتی ہیں۔

**ٹرانس اور نان بائنری ووٹرز کے لیے میں مزید معلومات کہاں تلاش کر سکتا/سکتی ہوں؟**

GLA ووٹر آئی ڈی مہم کے گرانٹس پروگرام کے مرحلہ 1 کے گرانٹی کے طور پر، LGBT Hero نے LGBTQIA+ کمیونٹیز کے لیے وسائل کے ساتھ

ووٹر آئی ڈی ہب بنایا ہے، بشمول ٹرانس اور نان بائنری ووٹرز کے لیے مخصوص وسائل۔ آپ انہیں ذیل پر ملاحظہ کر سکتے/سکتی ہیں https://www.lgbthero.org.uk/pages/category/lgbtq-photo-voter-id-london-elections

**مجھے دیگر کمیونٹیز - مخصوص معلومات اور وسائل کہاں سے مل سکتے/سکتی ہیں؟**

ٹریولر موومنٹ بھی GLA ووٹر آئی ڈی کی کمیونٹی ضمانت تھی، اور آپ جپسی، روما اور مسافروں کے لیے وسائل https://travellermovement.org.uk/operation-traveller-vote پر ملاحظہ کر سکتے/سکتی ہیں

برطانیہ کی مسلم کونسل نے کچھ رہنمائی تیار کی ہے جو یہاں دستیاب ہے
https://mcb.org.uk/local-elections-2023-voter-id-and-face-coverings/

فیز 2 GLA مالی معاونت پانے والے کے طور پر، نیو یوروپینز UK نے بھی مختلف کمیونٹی زبانوں میں غیر جانبدارانہ وسائل بنائے ہیں تاکہ یورپی یونین کے لندن والوں کو ان کے جمہوری حقوق ملاحظہ کرنے میں مدد کی جا سکے۔ یہ https://neweuropeans.uk/voter-id-awareness/ پر دستیاب ہیں

**مجھے کسے ووٹ دینا چاہیے؟**

GLA کی منظم کردہ ووٹر آئی ڈی عوامی آگاہی مہم اور سالانہ لندن ووٹر رجسٹریشن ویک سے متعلق تمام مواد اور سرگرمیاں مکمل طور پر غیر جانبدارانہ اور غیر جماعتی سیاسی ہیں۔ نہ GLA، اور نہ ہی شاؤٹ آؤٹ UK کے متعلق کسی سیاسی جماعت یا امیدوار کی حمایت کرنے کا تاثر نہیں رکھا جا سکتا، اور اس طرح، ہم اس بارے میں رائے کا اشتراک نہیں کرتے کہ لندن والوں کو کس طرح ووٹ دینا چاہیے۔

ووٹ کے لیے رجسٹر کرنے اور اس بات کی یقین دہانی کرنے کہ آپ کے پاس ایک قبول شدہ فوٹو ID ہو کا ایک دلچسپ پہلو اپنے ممکنہ مقامی یا قومی نمائندوں کے بارے میں جاننا اور یہ فیصلہ کرنا ہے کہ کون آپ کی اور آپ کے مفادات کی نمائندگی کرے۔ آپ ذیل پر اپنی تحقیق کر سکتے/سکتی ہیں https://whocanivotefor.co.uk اور اپنا ذہن بنائیں۔ یاد رکھیں، آپ کا ووٹ آپ کی آواز ہے اور آپ کی آواز اہم ہے!